## سوال

(63) حضرت خضر علیہ السلام اب بھی زندہ حیات ہیں یا انتقال کرگئے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضرت خضر علیہ السلام جو موسی علیہ السلام کے زمانہ میں زندہ تھے اب بھی زندہ حیات ہیں یا انتقال کرگئے؟ اور جو عام طور پر مشہور ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام تاقیامت زندہ رہینگے صیح ہے یا نہیں امام ابن تیمیہؒ اپنی کتاب الوسیلہ میں لکھتے ہیں کہ خضر علیہ السلام انتقال کرگئے کیونکہ آنحضرت ﷺ سے ان کے زندہ ہونے کے ثبوت میں کوئی روایت نہیں ہے اگر وہ زندہ ہوتے تو ضرور آپؐ سے اور صحابہ رضی اللہ عنہم سے کچھ نہ کچھ منقول ہوتا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خضر کی زندگی کی بابت کوئی دلیل نہیں بلکہ ایک ضعیف روایت ان کی عام حیات پر ہے فرمایا لوکان الخضر حیالزارنی۔ یعنی اگر خضر زندہ ہوتا تو میری (آنحضرتؐ کی زیارت کرتا) یہ روایت شیخ عبدالحق دہلوی نے تکمیل الایمان میں نقل کی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ علمائے حدیث**

## جلد10 ص105

**محدث فتویٰ**